# 24-10-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سیول سپلائیز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت نے جاریہ سیزن میں دھان کی خریدی کیلئے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔

☆ تلنگانہ کی حکومت نے منشیات کی لعنت سے نمٹنے کیلئے سرکاری ملازمین کو ڈرگ سولجرس کے طور پر مقرر کیا ہے۔

☆ ساوتھ سنٹرل ریلوے ایم ایم ٹی ایس کو گھٹکیسر سے یادادری تک توسیع دے گا۔

☆ مرکزی کابینہ نے آندھراپردیش میں ایروپالم سے نمبوروتک براہ امراوتی نئی ریلوے لائن کو منظوری دی ہے۔

☆☆☆☆☆

سیول سپلائیز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت نے جاریہ سیزن میں دھان کی خریدی کیلئے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس کام کیلئے بیس ہزار کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔سوریا پیٹ کے انٹی گریٹیڈ ڈسٹرکٹ آفس کامپلکس میں انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ دھان کی خریدی کے تمام مراکز میں ضروری سہولتیں دستیاب ہوں اور غیر متوقع مقدار میں دھان کی خریدی کیلئے عملہ بھی فراہم کیا جائے۔عہدیداروں سے کہا گیا کہ وہ ورکرس کو مناسب ٹریننگ فراہم کریں اور دھان کی ذخیرہ اندوزی کیلئے سہولتیں مہیا کریں۔عہدیداروں کو تھیلے اور دیگر ضروری اشیاء فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کی حکومت نے منشیات کی لعنت سے نمٹنے کیلئے سرکاری ملازمین کو ڈرگ سولجرس کے طور پر مقرر کیا ہے۔ان میں اسکول ٹیچرس، پرنسپل اور ریونیو عہدیدار شامل ہوں گے۔حکومت نے منشیات کی لعنت سے نمٹنے کیلئے پیرامیڈیکل اسٹاف، ڈاکٹرس، آشا ورکرس اور آنگن واڑی ملازمین پر مشتمل کمیٹیاں بھی تشکیل دی ہیں۔ڈرگ سولجرس کو اپنے اپنے علاقہ میں منشیات سے متعلق سرگرمیوں کی روک تھام کے لئے خصوصی ٹریننگ دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

سکندرآباد کے ریل نیلائم میں آج ساوتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر ارون کمار جین نے تلنگانہ اور کرناٹک کے ارکان پارلیمنٹ کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس اجلاس میں ریلوے پراجکٹس کی پیشرفت سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔مرکزی وزیر کشن ریڈی، راجیہ سبھا کے رکن سریش ریڈی اور ارکان پارلیمنٹ کاویا، رگھونندن راؤ اور ڈی کے ارونا نے شرکت کی۔ بعد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ساوتھ سنٹرل ریلوے کے تحت آنے والے علاقہ میں ریلوے لائن کے 90 ویں فیصد الیکٹریفیکشن کی تکمیل کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں چالیس ریلوے لائن اسٹیشنس کو ترقی دی جارہی ہے۔ورنگل میں چھ سو پچاس کروڑ روپئے کی لاگت سے ریل مینفیکچرنگ یونٹ قائم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری آئندہ سال ڈسمبر تک مکمل ہوجائے گی اور چرلہ پلی ریلوے ٹرمنل بھی جلد ہی عوام کو دستیاب ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے ایم ایم ٹی ایس خدمات کو حیدرآباد سے یادادری تک وسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے 165 اگریکلچرل اسسٹنٹس آفیسرس اور بیس کانسٹبلس کی معطلی کی مذمت کرتے ہوئے اسے غیر منصفانہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے معطل کئے گئے ملازمین کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا اور ریاستی حکومت پر زور دیا کہ وہ سرکاری ملازمین کے مسائل حل کرنے کیلئے ان کے ساتھ بات چیت کرے۔انہوں نے ملازمین کو معطل کرنے اور انہیں اپنے مسائل اٹھانے کے حق سے محروم کرنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔بی آر ایس کے کارگذار صدر نے کہا کہ کانگریس کی حکومت اپنے وعدہ کے مطابق نئی ملازمتیں فراہم کرنے کے بجائے موجودہ ملازمتیں ختم کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کے لیڈر راہول گاندھی نے دو لاکھ ملازمتوں کا وعدہ کیا تھا لیکن ریونت ریڈی حکومت موجودہ ملازمین کو ملازمت سے نکال رہی ہے۔اس دوران نظام آباد ضلع کے ڈچ پلی میں ساتویں بٹالین ہیڈکوارٹرس کے روبرو احتجاج کرنے والے پولیس کانسٹبلس کے خاندانوں کے ساتھ راما راؤ نے ملاقات کی۔انہوں نے مظاہرین کے مسائل کو سماعت کرنے اور پولیس عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے مظاہرین کی شکایتوں کو دور کرنے کا مطالبہ کیا۔

ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے آج سنگا ریڈی ضلع میں پرائمری ہیلتھ سنٹر کا افتتاح کیا۔ یہ PHC ایک کروڑ چھپن لاکھ روپئے کی لاگت سے ہتھنور منڈل کے دولت آباد میں قائم کیا گیا ہے۔ وزیر صحت کے ہمراہ وزیر ماحولیات و جنگلات کونڈا سریکھا اور ضلع کلکٹر کرانتی ولورو موجود تھے۔ تلنگانہ انفراسٹرکچر کارپوریشن کے چیئرمین نرملا جگا ریڈی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے سی جیون ریڈی نے دوسری پارٹیوں سے کانگریس میں شامل ہونے والوں کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے اور سینئر لیڈر اور رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی کے نام ایک مکتوب میں انہوں نے حال ہی میں پی سرینواس ریڈی کو پارٹی میں شامل کئے جانے کا ذکر کیا۔ جیون ریڈی نے پارٹی میں جگتیال کے بی آر ایس ایم ایل اے کا خیر مقدم کئے جانے کے بشمول حالیہ واقعات پر اپنی برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ کانگریس کے اندر جاریہ سیاسی ماحول کو برداشت نہیں کر پائے ہیں اور وہ اپنے ضلع میں پیش آنے والے واقعات سے ذہنی تناؤ کا شکار ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہائی کورٹ نے ٹالی ووڈ کے کوریوگرافر جانی ماسٹر کو عصمت دری کے مقدمہ میں ضمانت دیدی ہے۔ جانی ماسٹر کے ساتھ کام کرنے والی ایک خاتون نے ان پر عصمت دری کا الزام لگایا ہے۔ جانی ماسٹر کو گزشتہ مہینہ پولیس نے گرفتار کرلیا تھا۔ خاتون کی شکایت پر رائے درگم پولیس نے زیرو ایف آئی آر درج کیا تھا اور بعد میں یہ کیس نارسنگھی پولیس اسٹیشن کو منتقل کر دیا گیا۔

☆☆☆☆☆

دنیا بھر میں آج ورلڈ پولیو ڈے منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن پولیو کے انسداد کیلئے عالمی سطح پر کی جا رہی کوششوں کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ ورلڈ پولیو ڈے 2024 کا موضوع ''ہر بچہ تک رسائی کا عالمی مشن'' ہے۔ اس مہلک مرض سے ہر بچہ کی حفاظت کیلئے پولیو کے ٹیکے کی اہمیت کے بارے میں آج بیداری پیدا کی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

معاشی امور سے کابینی کمیٹی نے آندھرا پردیش میں ایرو پالن سے براہ امراوتی نمبوروتک نئی ریلوے لائن کیلئے منظوری دیدی۔ 57 کیلومیٹر طویل یہ لائن 2 ہزار 200 کروڑ روپئے کی لاگت سے بچھائی جائے گی۔ مرکزی کابینہ کے اجلاس کے بعد دلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و نشریات اشوینی ویشنو نے بتایا کہ یہ نئی ریلوے لائن آندھرا پردیش کے این ٹی آر وجئے واڑہ اور گنٹور اضلاع اور تلنگانہ کے کھمم ضلع سے گذرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجکٹ سے ان علاقوں کو مربوط کیا جاسکے گا جو اس وقت ریلوے کی سہولت سے محروم ہے۔ اس کے علاوہ اس لائن سے علاقہ کی معاشی ترقی میں بھی مدد ملے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی کل حیدرآباد میں اندرا پارک کے قریب دھرنا چوک پر مہا دھرنا منظم کرے گی۔ پارٹی موسیٰ ندی کے کنارے بسنے والے غرباء کے مکانات کو منہدم کرنے حکومت کی کاروائی کے خلاف بطور احتجاج یہ دھرنا منظم کر رہی ہے۔ حیڈرا کی جانب سے بھی مکانات کے اندھا دھند انہدام کے خلاف بھی احتجاج درج کیا جائے گا۔ اس مہا دھرنے میں بی جے پی کے سینئر لیڈرس شرکت کریں گے جن میں مرکزی وزراء کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کمار، راجیہ سبھا کے رکن اور او بی سی مورچہ کے قومی صدر ڈاکٹر کے لکشمن، بی جے پی کی قومی نائب صدر اور رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا، اسمبلی میں بی جے پی کے لیڈر رائے مہیشور ریڈی، ایم ایل سی اور بی جے ایل سی کے لیڈر اے وی این ریڈی، ارکان پارلیمنٹ اور ارکان اسمبلی شامل ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

جی ایچ ایم سی کے ٹاؤن پلاننگ عملہ نے آج راجندر نگر منڈل کے میلاردیو پلی میں مدھوبن کالونی میں انہدامی کاروائی کی۔ سڑک کے دو جانب فٹ پاتھ پر لگائی گئی دکانوں کو منہدم کیا گیا۔ مقامی عوام نے شکایت کی تھی کہ ان دکانوں کی وجہ سے ٹرایفک کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں اور راہگیروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ٹاؤن پلاننگ اسٹاف نے تقریباً 200 دکانوں کو ہٹا دیا۔ دکانوں کے مالکین اور عہدیداروں کے درمیان بحث و تکرار ہوئی۔

محبوب نگر ضلع کے چنا چنتا کنٹہ منڈل میں آج اس وقت کشیدگی پیدا ہوگئی جب کسانوں نے رعیتو بھروسہ اسکیم کے تحت ریاستی حکومت سے امداد کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ کانگریس حکومت کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے کسان پاردی پور گاؤں میں کثیر تعداد میں جمع ہوگئے۔ بی جے پی کے قائدین اور کارکن بھی اس احتجاج میں شامل ہوگئے۔ پولیس نے بیس کسانوں اور بی آر ایس ورکرس کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ بعد میں بی آر ایس کے کارکنوں اور کسانوں نے پولیس کے رویہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن سے چوراہے تک ریالی نکالی۔ منڈل ہیڈ کوارٹرس پر احتجاجیوں نے انسانی زنجیر بنائی اور حکومت کے خلاف نعرے بلند کئے۔

☆☆☆☆☆

اسکالرشپ اور فیس باز ادائیگی کے بقایہ جات فوری جاری کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے مختلف انٹرمیڈیٹ اور ڈگری کالجوں کے طلبہ نے آج حیدرآباد میں بھونگیر کے ایم ایل اے انیل کمار ریڈی کے کیمپ آفس پر احتجاج کیا۔ حکومت کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے طلبہ ایم ایل اے کے آفس کے روبرو جمع ہوگئے۔ وہ اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈس تھامے ہوئے تھے۔ طلبہ نے اسکالرشپ ادا نہ کئے جانے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اسے شرمناک قرار دیا۔ احتجاجیوں نے کہا کہ ریاست میں وزیر تعلیم بھی مقرر نہیں کیا گیا ہے۔ طلبہ نے اپنی تعلیم برقرار رکھنے کیلئے مالی مدد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے مطالبات کی تکمیل تک احتجاج جاری رکھیں گے۔

☆☆☆☆☆